8 آس پاس کا سفر کریں

سرگرمی 1 نئی زبان میں گیت گائیں

ہم میں سے بہت سے لوگ مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ وہ کون سی زبان ہے جو آپ اور آپ کے دوست گھر پر بولتے ہیں؟ اپنے بڑوں کی مدد سے کسی موضوع (جیسے موسم، تہوار، حب الوطنی وغیرہ) پر کوئی گیت یاد کریں۔ اپنے والدین، بہن یا کسی سے کہیں کہ وہ یہاں پر گانا لکھے۔ پھر اِسے جماعت میں دکھائیں۔

سرگرمی 2 موسیقی کے اُتار چڑھاؤ کے بارے میں جانیں

4337CH08

کسی پُرترنم اور سریلے گیت کا انتخاب کرکے اس کھیل کی مدد سے اس کی مشق کریں۔

- کسی بچے سے کلاس سے باہر جانے کو کہیں۔ جب بچہ باہر چلا جائے تو پانی کی بوتل یا ڈسٹر جیسی کوئی چیز کلاس روم میں چھپا دیں۔
- جب بچہ واپس آئے تو اس گانے سے چھپائی ہوئی چیز تلاش کرنے میں بچے کی رہنمائی کریں۔
- گروپ کی صورت میں گانا شروع کریں۔ جب بچہ اس چیز سے قریب ہو تو تیز آواز میں گائیں اور جب بچہ اس چیز سے دور ہو تو دھیمی آواز میں گائیں۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 3 آیئے اُڑیا گانا سیکھیں

چار تھاپ کے چکّر میں یہ اُڑیا لوک گیت سنیں۔
ہر چکر کے شروع میں کمر مٹکائیں یا تالی بجائیں۔

گیت

بولودو گادی رے مو
ھولی ھولی جاوچھی
موسندورو گاو کوجاوچھی -2
ایک پوتھے نودی بوھے سے پوتھے پوربوتو -2
پوکھیرومودورو گیٹوپھولوراھوسو -2
اسبو گاچوتاولی پیلا مننے کھیلوچھونٹی -2
تھینکوتھینکوتھیاتھادناتھادناتھا -2
ھولی ھولی جاوچھی کیتے انندو -2
موسندرو گو کوجاوچھی -2
بولودو گادی رومو
ھولی ھولی جاوچھی
موسندرو گاو کوجاوچھی -2

معنی

بیل گاڑی میرے خوب صورت گاؤں کی طرف دھیرے دھیرے اور ہنسی خوشی بڑھ رہی ہے۔ اس دل خوش سفر کے دوران میں ایک طرف پہاڑ دیکھتا ہوں اور دوسری طرف بہتی ہوئی ایک ندی۔ پرندے اپنی سریلی آوازوں میں چہچہار ہے ہیں اور پھول خوشی سے کھلے جا رہے ہیں۔

میں گاؤں کے بچوں کو بھی دیکھتا ہوں جو آم کے پیڑ کے نیچے خوشی سے ناچ رہے ہیں۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 4

صوت ارکان کی مدد سے سُر قائم رکھیں

ایک دو تین چار

سنیں اور انھیں ایک لگاتار تھاپ میں گانے کی کوشش کریں۔

سُروں کو بولتے ہوئے ایسے صوت ارکان آتے ہیں جن کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔مثال کے طور پر Konnakol میں جو ایک ایسا طرز ہے جس میں ہم تال کو بنانے کے لیے اپنی آواز سے کام لیتے ہیں، مندرجہ ذیل صوت ارکان استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

تھا دھی دھوم نم
نم دھم دھی تھا
تھا دھی دھم نم نم
دھم دھی تھا
تھا تھا دھی دھی دھم دھ م
نم نم

کوشش کریں کہ ڈانڈیا یا تالی کی مدد سے یا اسکول میں موجود کسی ساز سے اِس کو تال میں کہیں۔

ہندوستانی طرز میں ہم سُروں کو اس طرح بھی کہتے ہیں

دھا دھا تے ٹے
دھا دھا دِھن نا
تا تا تے ٹے
دھا دھا تِن نا

© NCERT not to be republished

سرگرمی 5 کشمیری گیت سنیں اور سیکھیں

بُمرو بُمرو

اِس گانے کے لَے پر غور کرتے ہوئے اپنے جسم سے تال دیں۔

گیت

بمرو بمرو

بمرو بمرو شام رنگ بمرو
کیازی چھکھ یتھ نالا نو
ھو ھو ھو
بمرو بمرو

ھال باؤ پاننوی ھا شام سوندھرو،
ایس کررو جان قربانو
ھو ھو ھو
بمرو بمرو

بمبور سس یمبرزل بی بی سمکھاون
نیرن پرین ارمانو
ھو ھو ھو
بمرو بمرو

گیت کے بارے میں

یہ کشمیر کا ایک گیت ہے۔ یہ گیت کالے بھنورے کے بارے میں ہے کہ وہ کس طرح سے جشن مناتا ہے۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 6 کوکنی گیت سنیں اور سیکھیں

اندر موجیا ماما

گیت

اندر موجیا ماما

انی هوسنگتاٹوکا-2

انی مزوریچاپیلالا گی فیلومادی ناکا-2

اندر ماما آئیلو

انی پاچھے پونالمپلو-2

انی موزوریچاپیلن ٹکاایکا گاھسا خیلو-2

یایامایایا-2

گیت کے بارے میں

یہ کوکنی زبان میں لکھا گیا ایک روایتی 'گوان' لوک گیت ہے۔ یہ چوہے کے لیے نصیحت ہے کہ وہ بلّی سے دور رہے اور اس کے ساتھ ہرگز نہ کھیلے۔

© NCERT not to be republished

سرگرمی 7

تمل گیت سنیں اور سیکھیں

چنا چنا چٹو

گیت

چنا چنا چٹو
سنگارا چٹو
پٹو پولا سینی
وتامنا کنگال
اسبو پولا تھاوی
اگایتھل پار کم
کوسبو میلا نارو کم
کادیل الم ارو کم
کورائی میلا ونتھو نیندروسیتی اڈیکم

گیت کے بارے میں

یہ گیت ایک خوب صورت چھوٹی چڑیا کے بارے میں ہے جو آسمانوں کے درمیان تیزی سے اُڑتی رہتی ہے۔ اسے کھیتوں سے دانے چگنا اور چھتوں پر چہچہانا پسند ہے۔

© NCERT not to be republished